**مؤثر از 16 فروری 2026**

**MetroPlus Health Plan**
**50 Water Street, 7th Floor**
**New York, NY 10004**
**ویب سائٹ:** www.metroplus.org
**عمومی فون نمبر:** 1-800-303-9626
**TTY:** 711
**ای میل:** **PrivacyOfficer@metroplus.org**

MetroPlusHealth

# آپ کی معلومات۔
# آپ کے حقوق۔
# ہماری ذمہ داریاں۔

یہ نوٹس بیان کرتا ہے کہ آپ کی طبی معلومات کس طرح استعمال اور افشاء کی جا سکتی ہیں اور آپ ان معلومات تک کیسے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ **برائے مہربانی اس پر احتیاط سے نظر ثانی کریں۔**

## آپ کے حقوق

**اپنی صحت کے متعلق معلومات کے حوالے سے، آپ کو مخصوص حقوق حاصل ہیں۔** یہ حصہ آپ کے حقوق اور آپ کی مدد کے لیے ہماری بعض ذمہ داریوں کی وضاحت کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| **اپنے صحت اور دعووں کے ریکارڈز کی نقل حاصل کریں** | • آپ ہمارے پاس موجود اپنی صحت اور دعووں کے ریکارڈز اور اپنی صحت کے متعلق دیگر معلومات کو دیکھ سکتے ہیں یا ایک نقل حاصل کر سکتے ہیں۔ ہمیں کہیں کہ کیسے کرنا ہے۔<br>• آپ کی درخواست کے بعد، 30 دن کے اندر ہم آپ کو آپ کی صحت یا دعووں کے ریکارڈ کا خلاصہ یا اس کی نقل فراہم کریں گے۔ آپ کی درخواست کردہ نقل کے ہر صفحے کے لیے ہم آپ سے 0.75$ (75 سینٹس) وصول کریں گے۔ |
| **ہمیں اپنی صحت یا دعووں کے ریکارڈ درست کرنے کا کہیں** | • اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کی صحت یا دعووں کے ریکارڈ غلط ہیں، تو آپ ہمیں درست کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔ ہم سے پوچھیں کہ یہ کیسے کرنا ہے۔<br>• ہم آپ کی درخواست پر "نہیں" کہہ سکتے ہیں، لیکن ہم آپ کو 60 دن کے اندر تحریری طور پر اس کی وجہ سے آگاہ کریں گے۔ |
| **رازدارانہ ابلاغ کی درخواست کریں** | • آپ ہم سے کہہ سکتے ہیں کہ ہم آپ کے ساتھ کسی مخصوص طریقے (مثلاً گھر یا دفتر کا فون) سے رابطہ کریں یا آپ کو کسی مختلف پتہ پر خط بھیجیں۔<br>• ہم تمام معقول گزارشات پر غور کریں گے اور اگر آپ ہمیں بتائیں کہ ایسا نہ کرنے پر آپ کو کوئی خطرہ لاحق ہو سکتا ہے، تو ہم لازمی طور پر "ہاں" کہیں گے۔ |

*اگلے صفحے پر جاری ہے*

| | |
|---|---|
| **ہماری جانب سے استعمال یا اشتراک کو محدود کرنے کا تقاضا** | • آپ ہم سے یہ تقاضا کر سکتے ہیں کہ ہم علاج، ادائیگی یا اپنے انتظامی امور کے لیے صحت سے متعلق بعض معلومات استعمال یا شیئر **نہ** کریں۔<br>• ہم آپ کی درخواست کو ماننے کے پابند نہیں ہیں اور اگر اس سے آپ کی نگہداشت متاثر ہوتی ہو، تو ہم آپ کو "نہیں" کہہ سکتے ہیں |
| **جن کے ساتھ ہم نے معلومات شیئر کی ہے، اُن کی فہرست حاصل کریں** | • آپ ہم سے فہرست (حساب) بھی مانگ سکتے ہیں کہ آپ کے پوچھنے کی تاریخ سے لے کر چھ سال پہلے تک ہم نے آپ کی صحت کی معلومات کو کتنی مرتبہ شیئر کیا ہے، کس کے ساتھ شیئر کیا ہے اور کیوں۔<br>• ہم ہر قسم کے انکشاف کو شامل کریں گے ماسوائے آپ کے علاج، ادائیگی اور نگہداشت صحت کے آپریشنز کی معلومات کے اور کچھ مخصوص معلومات (مثلاً جس کے بارے میں آپ نے کہا ہو)۔ ہم سال میں ایک حساب مفت میں فراہم کریں گے، لیکن اگر آپ 12 مہینوں کے اندر دوبارہ مانگیں گے، تو ہم خرچ کی بنیاد پر ایک معقول فیس وصول کریں گے۔<br>• رازدارانہ ابلاغ کا کہنے کے لیے، ہمارے ممبر سروسز ڈیپارٹمنٹ کو کال کریں: 1-800-303-9626 (ٹی ٹی وائے: 711). اس قسم کے خفیہ ابلاغ کی درخواست میں تبدیلی یا ترمیم کی درخواستیں ذیل میں درج پتے پر تحریری صورت میں بھیجی جائیں۔ |
| **اس رازداری نوٹس کی ایک نقل حاصل کریں** | • آپ کسی بھی وقت اس نوٹس کی طبع شدہ نقل کی درخواست کر سکتے ہیں، بےشک آپ نے یہ نوٹس الیکٹرانی صورت میں وصول کرنے پر اتفاق کیا ہو۔ ہم آپ کو فوراً ایک طبع شدہ نقل فراہم کریں گے۔ آپ ہمارے ممبر سروسز ڈیپارٹمنٹ (Member Services Department) کو کسی بھی وقت 1-800-303-9626 (TTY: 711) پر کال کر کے اس نوٹس کی ایک کاغذی کاپی حاصل کر سکتے ہیں۔ |
| **اپنی جانب سے کاروائی کرنے کے لیے کسی کو منتخب کریں** | • اگر آپ نے کسی شخص کو اپنا طبی مختار نامہ دیا ہوا ہے یا کوئی شخص اگر آپ کا قانونی سرپرست ہے، تو وہ آپ کے لیے حقوق استعمال کر سکتا اور آپ کی صحت کی معلومات کے بارے میں انتخابات کر سکتا ہے۔<br>• کوئی بھی کاروائی کرنے سے پہلے ہم یقینی بنائیں گے کہ وہ شخص مجاز ہو اور آپ کی جانب سے اس کے پاس اختیار ہو۔ |
| **اگر آپ سمجھتے ہوں کہ آپ کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے، تو شکایت درج کروائیں** | • اگر آپ کو لگے کہ ہم نے آپ کے حقوق کی خلاف ورزی کی ہے تو آپ صفحہ 1 پر دی گئی معلومات کے ذریعے ہم سے رابطہ کر کے شکایت درج کروا سکتے ہیں۔<br>• آپ U.S. محکمہ صحت و انسانی خدمات (U.S. Department of Health and Human Services) کے دفتر برائے شہری حقوق (Office for Civil Rights) میں شکایت درج کروا سکتے ہیں، جس کے لیے آپ 200 Independence Avenue, S.W., Washington, D.C. 20201 پر خط بھیج سکتے ہیں، 1-877-696-6775 پر فون کر سکتے ہیں، OCRComplaint@hhs.gov پر ای میل کر سکتے ہیں یا OCR شکایت پورٹل کے ذریعے شکایت جمع کروا سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ملاحظہ فرمائیں: https://www.hhs.gov/hipaa/filing-a-complaint/complaint-process/index.html. شکایت درج کروانے پر ہم آپ کے خلاف کسی قسم کی انتقامی کاروائی نہیں کریں گے۔ |

*اگلے صفحے پر جاری*

## آپ کے حقوق (جاری)

| | |
|---|---|
| **سابقہ اراکین** | • اگر آپ کی MetroPlusHealth کی رکنیت ختم ہو جاتی ہے تو بھی آپ کی معلومات ہماری پالیسیوں اور موجودہ اراکین کے لیے مقررہ طریقہ کار کے مطابق محفوظ رہیں گی۔ |

## آپ کے انتخابات

**کچھ مخصوص صحت سے متعلق معلومات کے بارے میں آپ ہمیں یہ بتا سکتے ہیں کہ ہم کیا شیئر کریں۔** درج ذیل صورتوں میں معلومات شیئر کرنے کے حوالے سے اگر آپ کے پاس واضح ترجیحات موجود ہوں، تو ہم سے بات کریں۔ ہمیں بتائیں کہ آپ ہمیں کیا کرنے کی اجازت دیتے ہیں اور ہم آپ کی ہدایات پر عمل کریں گے۔

| | |
|---|---|
| **ان صورتوں میں آپ کا حق بھی ہے اور آپ ہمیں بتانے کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔** | • آپ کے اہل خانہ، دوستوں یا آپ کی نگہداشت کے ادائیگی کرنے والوں کے ساتھ آپ کی معلومات کو شیئر کرنا۔<br>• کسی آفت سے امداد کی صورت میں معلومات شیئر کریں<br>*اگر آپ ہمیں اپنی ترجیح بتانے کے قابل نہیں ہیں، مثلاً اگر آپ بیہوش ہوں، تو ہم خود آپ کی معلومات شیئر کر سکتے ہیں، اگر ہمیں لگے کہ یہ آپ کے بہترین مفاد میں ہے۔ ہم آپ کی معلومات اس وقت بھی شیئر کر سکتے ہیں جب صحت یا حفاظت کو لاحق کسی سنگین اور فوری خطرے کو کم کرنے کے لیے ایسا کرنا ضروری ہو۔* |
| **ان صورتوں میں ہم آپ کی معلومات *کبھی بھی نہیں* شیئر کرتے، ماسوائے یہ کہ آپ ہمیں اپنی تحریری اجازت دیں:** | • مارکیٹنگ کے مقاصد<br>• آپ کی معلومات کی فروخت |

## ہمارے استعمال اور انکشاف

**آپ کی صحت کی معلومات کو ہم عام طور پر کیسے استعمال اور شیئر کرتے ہیں؟** ہم عام طور پر آپ کی صحت سے متعلق معلومات کو درج ذیل طریقوں سے استعمال یا شیئر کرتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **آپ کو موصول ہونے والے نگہداشتِ صحت کے علاج کو منتظم کرنے کے لیے** | • ہم آپ کی صحت کی معلومات کو استعمال کر سکتے ہیں اور آپ کے علاج کرنے والے پیشہ ورانہ ماہرین کے ساتھ شیئر کر سکتے ہیں۔<br>• صحت سے متعلق مصنوعات یا پروگرام: MetroPlusHealth آپ کو طبی علاج، پروگراموں کی مصنوعات اور خدمات کے متعلق معلومات فراہم کر سکتی ہے۔ | ***مثال کے طور پر:*** ایک ڈاکٹر ہمیں آپ کی تشخیص یا علاج کے منصوبے کے بارے میں معلومات بھیجتا ہے تاکہ ہم اضافی خدمات کا انتظام کر سکیں۔ |

*اگلے صفحے پر جاری*

آپ کو فراہم کردہ معلومات کا انحصار قانون کی جانب سے قائم کردہ حدود پر ہوتا ہے۔

- یاددہانیاں: MetroPlusHealth آپ کو کسی علاج کی اپائنٹمنٹ یا باقاعدہ معائنے یا ویکسین لگوانے کے لیے اپائنٹمنٹ طے کرنے کا وقت ہو جانے کی یاددہانی کروانے کے لیے یا علاج کے متبادلوں ("اختیارات") یا صحت سے متعلقہ دیگر ایسے بینیفٹس اور خدمات، جو آپ کے لیے دلچسپ ہو سکتے ہیں، کے متعلق معلومات فراہم کرنے کے لیے (مثلاً آپ کو کال یا ٹیکسٹ کر کے یا آپ کو ایک خط بھیج کر) آپ کے متعلق PHI کو استعمال اور ظاہر کر سکتی ہے۔

---

**اپنی تنظیم کو چلانے کے لیے**

- ہم اپنی تنظیم کو چلانے اور بوقت ضرورت آپ سے رابطہ کرنے کے لیے آپ کی معلومات کو استعمال اور افشاء کر سکتے ہیں۔
- **ہمیں اس بات کا فیصلہ کرنے کے لیے جینیاتی معلومات استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے کہ آیا ہم آپ کو کوریج دیں گے اور یہ کہ اس کی قیمت کیا ہو گی۔** اس کا طویل مدتی منصوبوں پر اطلاق نہیں ہوتا۔

***مثال کے طور پر:** آپ کے لیے بہتر خدمات کے فروغ کے لیے ہم آپ کی صحت کی معلومات کو استعمال کرتے ہیں۔*

*MetroPlusHealth کا کوالٹی منیجمنٹ ڈیپارٹمنٹ ( Quality Management Department) پلان کے پروگراموں، ڈیٹا اور کاروباری عمل درآمد کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے آپ کی صحت کی معلومات کو استعمال کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، ہمارا کوالٹی منیجمنٹ کا عملہ یا زیرِ معاہدہ نرس آپ کے میڈیکل ریکارڈ کا جائزہ لے سکتے ہیں تاکہ آپ کو اور تمام پلان ممبران کو فراہم کی جانے والی نگہداشت کے معیار کی تخمینہ کاری کی جا سکے۔*

---

*اگلے صفحے پر جاری ہے*

**ہم آپ کی صحت کی معلومات کو دیگر کن طریقوں سے استعمال اور شیئر کر سکتے ہیں؟** ہمیں آپ کی معلومات کو دیگر طریقوں سے شیئر کرنے کی اجازت بھی ہے یا بعض اوقات ایسا کرنا ضروری ہوتا ہے، یہ عام طور پر ایسے طریقوں سے ہوتا ہے جو عوامی بھلائی میں مدد دیتے ہیں، جیسے عوامی صحت اور تحقیق۔ ان مقاصد کے لیے آپ کی معلومات شیئر کرنے سے پہلے ہمارا قانون کے تحت بہت سی شرائط پوری کرنا ضروری ہے۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: https://www.hhs.gov/hipaa/for-individuals/guidance-materials-for-consumers/index.html.

| | | |
|---|---|---|
| **آپ کے پلان کا انتظام** | ہم پلان کو منتظم کرنے کے لیے آپ کے ہیلتھ پلان اسپانسر کو آپ کی صحت کی معلومات ظاہر کر سکتے ہیں۔ | ***مثال کے طور پر:*** *آپ کی کمپنی ہیلتھ پلان فراہم کرنے کے لیے ہمارے ساتھ معائدہ کرتی ہے اور ہم آپ کی کمپنی کو ان پریمیمز، جو ہم وصول کرتے ہیں، کی وضاحت کرنے کے لیے مخصوص شماریات فراہم کرتے ہیں۔* |
| **آپ کی نگہداشت صحت کی سروسز کی ادائیگی کے لیے** | ہم آپ کی صحت کی خدمات کی ادائیگی کے دوران آپ کی صحت کی معلومات کو ظاہر کر سکتے ہیں۔ | ***مثال کے طور پر:*** *ہم آپ کے دانتوں کے علاج کی ادائیگی کے انتظام کو مربوط کرنے کے لیے آپ کے بارے میں معلومات آپ کے ڈینٹل پلان کے ساتھ شیئر کر سکتے ہیں۔* |

*اگلے صفحے پر جاری ہے*

**معیاری نگہداشت اور خدمات کی مؤثر فراہمی**

MetroPlusHealth ہیلتھکس (Healthix) اور برونکس ریجنل ہیلتھ انفارمیشن آرگنائزیشن (Bronx RHIO) کے ذریعے چلائے جانے والے ہیلتھ انفارمیشن ایکسچینجز (HIEs) میں حصہ لیتی ہے۔ دونوں HIEs کا تعلق ریاست بھر میں موجود ہیلتھ انفارمیشن نیٹ ورک برائے نیویارک (SHIN-NY) سے ہے۔

Healthix ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے جو لوگوں کی صحت کے بارے میں معلومات الیکٹرانک طور پر شیئر کرتی ہے۔ Bronx RHIO طبی معلومات کے تبادلہ کا ایک نظام ہے جسے بورو کی صحت کی دیکھ بھال کرنے والی سرکردہ تنظیموں نے قائم کیا ہے۔

یہ HIEs، HIPAA اور New York کے ریاستی قانون کے رازداری اور حفاظتی معیارات پر پورے اترتے ہیں۔

Healthix اور Bronx RHIO میں اراکین کی معلومات ان جگہوں سے آتی ہیں جہاں پر انھوں نے طبی نگہداشت حاصل کی ہوتی ہے یا ہیلتھ انشورنس (دعووں) کی معلومات کے ذریعے۔ ڈیٹا کے ان ذرائع میں ہسپتال، فزیشنز، فارمیسیاں، کلینیکل لیباٹریاں، ہیلتھ انشوررز، Medicaid پروگرام اور دیگر ایسی تنظیمیں شامل ہو سکتی ہیں، جو الیکٹرانی طور پر معلومات کا تبادلہ کرتی ہیں۔ ڈیٹا کے ان ذرائع کی ایک تجدید شدہ فہرست Healthix اور Bronx RHIO سے دستیاب ہے۔

یہ نوٹس ہمارے اراکین کو اس بارے میں مطلع کرنے کے لیے ہے کہ HIEs میں ہماری شرکت کے حصے کے طور پر، MetroPlusHealth آپ کی حفاظتی صحت کی معلومات ان HIEs کو الیکٹرانک طور پر بھیج/اپ لوڈ کر سکتی ہے۔ اس کے علاوہ، MetroPlusHealth کے منتخب عملے کے اراکین کو قابل اطلاق رضامندی کے قواعد کے تحت Healthix اور Bronx RHIO کے ذریعے ممبر کی معلومات تک رسائی حاصل کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

Healthix اور Bronx RHIO تک رسائی کی رضامندی عمومًا تنظیم سے تنظیم کی بنیاد پر دی جاتی ہے۔ تاہم، اراکین کے پاس Healthix اور Bronx RHIO میں شریک تمام تنظیموں کو رسائی سے انکار کرنے کا انتخاب موجود ہے۔
آپ درج ذیل کو وزٹ کر کے بھی ایسا کر سکتے ہیں:

- Healthix's کی ویب سائٹ: www.healthix.org یا Healthix کو 877-695-4749 پر کال کر کے
- Bronx RHIO کی ویب سائٹ: https://bronxrhio.org/ پر یا Bronx RHIO کو 718-696-0450 پر کال کریں۔

---

*اگلے صفحے پر جاری ہے*

| | |
|---|---|
| **عوامی صحت و حفاظت کے مسائل میں مدد کے لیے** | ہم آپ کی صحت کی معلومات کو مخصوص حالات کے تحت شیئر کر سکتے ہیں، مثلاً:<br>o بیماری سے بچاؤ کے لیے<br>o ادویات کے خراب ردعمل کی اطلاع دینا<br>o ممکنہ زیادتی، نظر انداز کرنے یا گھریلو تشدد کے بارے میں اطلاع دینے کے لیے<br>o کسی بھی شخص کی صحت و سلامتی کو سنجیدہ خطرے کو روکنا یا کم کرنا۔ |
| **تحقیق کرنا** | ہم آپ کی معلومات کو صحت سے متعلق تحقیق کے لیے استعمال یا شیئر کر سکتے ہیں۔ |
| **قانون پر عمل درآمد کرنے کے لیے** | جہاں ریاستی یا وفاقی قوانین کا تقاضہ ہو، وہاں ہم آپ کی معلومات کو شیئر کریں گے، بشمول محکمہ صحت و انسانی خدمات کے ساتھ، اگر وہ یہ دیکھنا چاہتے ہوں کہ آیا ہم رازداری کے وفاقی قوانین کی پابندی کر رہے ہیں یا نہیں۔ |
| **کارکنان کے معاوضوں کی مطابقت، قانون کا نفاذ اور دیگر حکومتی گزارشات پر** | ہم آپ کی صحت کی معلومات کو استعمال یا شیئر کر سکتے ہیں:<br>o کارکنان کے معاوضہ کے دعووں کے لیے<br>o قانون کے نفاذ کے مقاصد کے لیے یا قانون نافذ کرنے والے افسران کے ساتھ<br>o قانونی طور پر مجاز صحت کی ایجنسیوں کے ساتھ<br>o مخصوص سرکاری کاموں کے لیے مثلاً فوج، نیشنل سیکورٹی اور صدارتی تحفظاتی سروسز کے لیے |
| **قانونی دعووں اور قانونی کاروائیوں میں** | ہم عدالتی یا **قانونی** انتظامی حکم کے جواب میں، یا کسی سمن کے جواب میں آپ کی صحت سے متعلق معلومات شیئر کر سکتے ہیں۔<br><br>**نشہ آور مادوں کے استعمال کے عارضے (SUD) کے ریکارڈز کے لیے خصوصی قاعدہ (42 CFR حصہ 2):** ہم آپ کے نشہ آور مادوں کے استعمال کے عارضے سے متعلق 42 CFR حصہ 2 کے تحت آنے والے جس حد تک مریض کے ریکارڈز رکھتے ہیں، ان معلومات کو ہم (1) آپ کی تحریری رضامندی کے بغیر یا (2) 42 CFR حصہ 2 کے مطابق عدالتی حکم اور سمن کے بغیر، تحقیقات یا آپ کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے شیئر نہیں کریں گے۔ |
| **مخصوص اقسام کی معلومات کے افشاء پر ریاست نیویارک کے قوانین** | MetroPlusHealth کو ریاست New York کے ان اضافی قوانین کی پابندی کرنی ہو گی، جو ذاتی معلومات کے لیے اضافی درجے کا تحفظ رکھتے ہیں، خصوصاً وہ جو HIV/AIDS کی صورتحال یا علاج؛ ذہنی صحت؛ منشیات کے استعمال کا عارضہ؛ اور خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق معلومات کا تحفظ کرتے ہیں۔ |

*اگلے صفحے پر جاری ہے*

## ہماری ذمہ داریاں

- آپ کی تحفظ شدہ معلوماتِ صحت کی رازداری اور تحفظ کو برقرار رکھنا ہماری ایک قانونی ذمہ داری ہے۔
- اگر کسی خلاف ورزی کی صورت میں آپ کی معلومات افشاء ہو جاتی ہیں، تو ہم آپ کو فوری طور پر اس سے مطلع کریں گے۔
- اس نوٹس میں رازداری کے مذکور شدہ طریقوں پر عمل درآمد کرنا اور آپ کو اس کی نقل دینا ہماری ذمہ داری ہے۔

یہاں پر مذکور شدہ طریقوں کے علاوہ ہم آپ کی معلومات کو استعمال یا شیئر نہیں کریں گے، ماسوائے یہ کہ آپ ہمیں تحریری طور پر آگاہ کریں۔ ہم صرف آپ کے بتانے پر ایسا کر سکتے ہیں اور آپ اپنا فیصلہ کسی بھی وقت تبدیل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کا فیصلہ تبدیل ہو، تو ہمیں تحریری طور پر بتائیں۔

مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: https://www.hhs.gov/hipaa/for-individuals/notice-privacy-practices/index.html۔

**اس نوٹس کی شرائط میں تبدیلیاں**

ہم اس نوٹس کی شرائط میں تبدیلیاں لا سکتے ہیں اور ان تبدیلیوں کا اطلاق آپ کی ان تمام معلومات پر ہو گا جو ہمارے پاس موجود ہوں گی۔ درخواست کرنے پر نیا نوٹس فراہم کر دیا جائے گا، ہماری ویب سائیٹ پر بھی موجود ہو گا اور ہم آپ کو ایک نقل بھجوا دیں گے۔

یہ نوٹس 16 فروری 2026 سے موثر ہے۔

**رابطہ کی معلومات**

اگر آپ کے ہماری رازداری کے طریقہ کار کے بارے میں سوالات ہیں، یا آپ شکایت درج کروانا چاہتے ہیں یا اوپر بیان کیے گئے حقوق استعمال کرنا چاہتے ہیں، تو براہِ کرم ہم سے رابطہ کریں:

**MetroPlus Health Plan – کسٹمر سروسز**
**50 Water Street, 7th Floor**
**New York, NY 10004**

- **عمومی فون نمبر:** 1-800-303-9626، ہفتے کے 7 دن، صبح 8:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک
- **Medicare کے اراکین**: 1-866-986-0356، ہفتے کے 7 دن، صبح 8:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک
- **TTY:** 711

## ہم سے گمنام طریقے سے کیسے رابطہ کریں:

**تعمیل کی ہاٹ لائن** (مکمل طور پر گمنام اور 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن، سال کے 365 دن دستیاب):

- 1-888-245-7247 پر کال کریں یا
- ایک آن لائن رپورٹ جمع کروائیں: https://metroplus.org/about-us/privacy-policies/